2137 ـ ہوا خارج سے استنجاء کرنا

سوال

اسلامیات کے مدرس نے ہمیں کہا ہے کہ ہوا خارج ہونے کی بنا پر وضوء کرنا مکروہ ہے، یعنی جب انسان کی ہوا خارج ہو جائے تو اس کے بعد اس کے لیے وضوء کرنا مکروہ ہے، کیا یہ بات صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ہوا خارج ہونے سے استنجاء کرنا مکروہ ہے، کیونکہ ایسا کرنا غلو میں شامل ہوتا ہے، لیکن جب انسان کی ہوا خارج ہو جائے تو بالاجماع اس کا وضوء ٹوٹ جاتا ہے.

شرمگاہ دھونے کو وضوء کا نام نہیں دیا جاتا، بلکہ اگر پانی سے دھویا جائے تو اسے استنجاء کہتے ہیں، اور اگر پتھر وغیرہ سے صفائی کی جائے تو اسے استجمار کا نام دیا جاتا ہے.